بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-111-122-133


حوالہ نمبر: AM-1 1970 -1448/s

تاریخ: 09-04-1448
22-09-2026

## داخلہ سالانہ امتحان اور آن لائن رجسٹریشن میں درستگی کا طریقہ کار

☆ سالانہ امتحان کے داخلے درج ذیل تاریخوں کے مطابق ہو رہے ہیں۔
سنگل فیس:......یکم ربیع الاول تا اختتام ربیع الاول۔ دوگنا فیس:......یکم ربیع الثانی تا 15 ربیع الثانی۔
تین گنا فیس:......16 ربیع الثانی تا اختتام ربیع الثانی۔ چار گنا فیس:......یکم جمادی الاولیٰ تا 15 جمادی الاولیٰ۔

☆ مقررہ تاریخوں میں آن لائن داخلہ اور بینک میں فیس جمع کروانا لازم ہے، داخلہ بمع فیس کا ثبوت دفتر وفاق کو مقررہ تاریخوں میں پہنچنا لازم ہے۔اس کے بعد کوئی داخلہ قبول نہیں ہوگا۔

☆ سنگل فیس کے داخلہ کے فیس چالان فارم، بینک فیس رسید اور تمام درجات (رجسٹریشن درجہ اولیٰ، دیگر درجات کتب وحفظ) کی آن لائن فہرست مع دستخط مہتمم ومہر مدرسہ اکٹھے ربیع الاول میں ہی دفتر وفاق کو ارسال کریں۔اسی طرح ہر مدت کی تکمیل پر داخلے اکٹھے بھجوائیں۔

☆ مدارس اپنے آن لائن داخلے کرنے کے بعد تسلی سے چیک کریں کہ مطلوبہ داخلے درست کوائف کے ساتھ مکمل ہو چکے ہیں۔اگر کوئی داخلہ غلط ہو گیا ہو یا کسی طالب علم/طالبہ کے کوائف غلط درج ہو گئے ہوں تو مدارس ہر مدت کے دوران اسی مدت کے غلط داخلے کو ختم یا تبدیل اور غلط کوائف کو آن لائن درست کر سکتے ہیں۔البتہ مقررہ مدت کے بعد فہرست حتمی سمجھی جائے گی، مدارس ازخود اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکیں گے اور کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

☆ بعض مدارس آن لائن داخلے کی فہرست پرنٹ کر کے دفتر وفاق کو بھیجنے کے بعد تمام طلبہ کا آن لائن ریکارڈ ختم کر دیتے ہیں۔وہ سمجھتے ہیں کہ فہرست دفتر وفاق کو بھیجنے کے بعد آن لائن ریکارڈ محفوظ رکھنے کی ضرورت نہیں۔حالانکہ داخلے کا آن لائن ریکارڈ محفوظ رکھنا ضروری ہے، اسی سے طلبہ و طالبات کے رقم الجلوس جاری ہوں گے۔

☆ جن طالبات کی گزشتہ سال خاصہ سال اول کی رجسٹریشن ہو چکی تھی اور ناکام ہونے کی وجہ سے دوبارہ امتحان دینا چاہتی ہیں۔بعض مدارس نے ایسی طالبات کی امسال نئی آن لائن رجسٹریشن کر دی ہے۔ایسی طالبات کی رجسٹریشن درست کروانے کے لیے مقررہ مدت سے 90 دنوں کے اندر مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست اور 100 روپے فیس دفتر وفاق کو ارسال کریں۔رجسٹریشن درست نہ کروانے کی صورت میں گزشتہ سال کے نمبر شامل نہیں کیے جائیں گے۔

☆ بعض طالبات اپنے والد کی جگہ شوہر کا نام درج کروا دیتی ہیں۔واضح رہے کہ وفاق کے ریکارڈ میں فقط ولدیت درج کی جاتی ہے زوجیت نہیں لکھی جاتی۔مدارس ایسی طالبات کے کوائف بھی مقررہ مدت میں درست کروالیں۔

☆ 90 دنوں کے اندر مطلوبہ تبدیلی کے لیے مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست، فارم ب/شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور 100 روپے فی طالب علم فیس دفتر وفاق کو ارسال کریں۔

☆ اگر ابتدائی درجات کے کوائف میں مقررہ مدت سے 90 دنوں کے بعد کوئی تبدیلی کروائیں گے تو حسب ضابطہ درستگی فارم نمبر 1 پر کرنا ہوگا اور 400 روپے فیس ادا کرنی ہوگی۔

☆ مقررہ مدت کے بعد داخلہ ختم کرنے کے لیے مدرسہ/جامعہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست دفتر وفاق کو ارسال کریں۔

**رفع درجات کا امتحان:**

☆ نمبروں میں اضافہ کے لیے دوبارہ امتحان دینے والوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس درجے کی پہلی سند دفتر وفاق کو واپس جمع کروائیں بصورت دیگر رقم الجلوس جاری نہیں کیا جائے گا۔

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مہر: وفاق المدارس العربیہ)